سوال

(401)زیورات کی سعودی ریال میں زکاۃ دینا

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

ایک عورت کے پاس زیورات ہیں اور نصاب کو پہنچتے ہیں، سعودی ریالوں میں وہ اس کی زکاۃ کیسے ادا کرے اور کتنی ادا کرے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعليكم السلام ورحمة الله وبركاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

اس عورت پر لازم ہے کہ ہر سال ماہر سناروں سے اپنے زیورات کی قیمت لگوائے، یا اس میں مستعمل قیراط وغیرہ کا حساب لگوائے، اور بازار کی حاضر قیمت کے اعتبار سے اس کی زکاۃ ادا کرے۔ اس کی قطعا ضرورت نہیں کہ وہ اس کی بوقت خرید کی قیمت معلوم کرے۔ بلکہ زکاۃ اسی پر ہوگی جو ادائیگی زکاۃ کے وقت حالیہ قیمت ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 334

محدث فتویٰ